**SET-1**

# ARABIC (CLASS - X)

## DISTRIBUTION OF MARKS

| حصہ خط/مضمون نگاری | حصہ قواعد | حصہ نثر | حصہ نظم | سوالات کی قسم |
|---|---|---|---|---|
| 05 Marks | 30 Marks | 10 Marks | 10 Marks | MCQ (1 Mark) |
| NIL | NIL | 05 Marks | 05 Marks | مختصر ترین سوالات (10 Marks) |
| NIL | NIL | NIL | 04 Marks | مختصر سوالات (4 Marks) |
| 08 Marks | 05 Marks | 05 Marks | 05 Marks | تفصیلی سوالات (23 Marks) |
| NIL | NIL | 04 Marks | 04 Marks | تشریح (08 Marks) |

# MODEL QUESTION PAPER OF CLASS X

## SUBJECT - ARABIC

کل وقت: ۳ گھنٹہ ۱۵ منٹ — کل نمبر: 100

ہدایات: تمام سوالات لازمی ہیں۔
ہدایت کے مطابق ہی جوابات لکھیں
ہر سوال کا نمبر بائیں حاشیہ پر درج ہیں۔

## GROUP "A"

مندرجہ ذیل سوالات کا صحیح جواب منتخب کیجئے: 50x1=50

۱- نقص کون سا فعل ہے؟

(a) ماضی (b) مضارع (c) امر (d) نہی

۲- ساجد کون سا اسم ہے؟

(a) اسم فاعل (b) اسم مفعول (c) اسم ظرف (d) ضمیر

۳- رد کون سا صیغہ ہے؟

(a) واحد مؤنث غائب (b) واحد مذکر غائب
(c) جمع متکلم (d) واحد مذکر حاضر

۴- رحماء کا واحد کیا ہے؟

(a) رحم (b) رحیم (c) ارحم (d) رحمان

۵- شر کی ضد کیا ہے؟

(a) خیرات (b) خیرات (c) خیر (d) خیار

۶- خبر کی جمع کیا ہے؟

(a) اخبار (b) خبریں (c) خبرات (d) خبروں

Habib

۷- البلغ کیا ہے؟

(a) اسم (b) فعل (c) حرف (d) ان میں سے کوئی نہیں

۸- عمال کا واحد کیا ہے؟

(a) عمل (b) عامل (c) اعمال (d) عمول

۹- یقال کون سا فعل ہے؟

(a) امر (b) نہی (c) معروف (d) مجہول

۱۰- ضرب سے فعل مضارع کیا ہوگا؟

(a) ضارب (b) یضرب (c) مضروب (d) ضروب

۱۱- نذھب کون سا صیغہ ہے؟

(a) واحد مذکر غائب (b) جمع متکلم (c) جمع حاضر (d) تثنیہ مذکر غائب

۱۲- القلم کیا ہے؟

(a) معرفہ (b) نکرہ (c) مجہول (d) مضاف الیہ

۱۳- المسلمون جمع کی کونسی قسم ہے؟

(a) جمع سالم (b) جمع مکسر (c) جمع مؤنث (d) جمع الجمع

۱۴- الف لام کس کی علامت ہے؟

(a) نکرہ (b) معرفہ (b) مضاف (c) موصوف

۱۵- فعل کیا ہے؟

(a) معرب (b) مبنی (c) مکسر (d) مجہول

۱۶- القلم جدیدٌ میں جدید کیا ہے؟

(a) مبتداء (b) خبر (c) موصوف (d) صفت

۱۷- رأیت اسداً میں اسد کیا ہے؟

(a) فعل (b) فاعل (c) مفعول (d) امر

۱۸- اسباب منع صرف کتنے ہیں؟

(a) چھ (b) سات (c) آٹھ (d) نو

۱۹- احد عشر کو کہا میں کو کہا کیا ہے؟

(a) عدد (b) معدود (c) حال (d) مستثنیٰ

۲۰- خالی جگہ میں کونسا اعراب آئے گا؟:

ان العلم فوائد ... کثیرة

(a) ہ (b) ها (c) هی (d) هم

۲۱- مفعول کی کتنی قسمیں ہیں؟

(a) چار (b) پانچ (c) چھ (d) سات

۲۲- لفظ اِفْتَحْ کون سا فعل ہے؟

(a) فعل ماضی (b) فعل مضارع (c) فعل امر (d) فعل نہی

۲۳- لفظ ''فوق'' کی ضد بتائیں۔

(a) یمین (b) شمال (c) تحت (d) خلف

۲۴- مفرد لفظ ''حجر'' کی جمع چنیں۔

(a) احجار (b) حجور (c) حجرات (d) حجار

۲۵- اسم معرفہ کی کتنی قسمیں ہیں؟

(a) چار (b) پانچ (c) چھ (d) سات

۲۶- ''فن'' کو معرفہ کیسے بنائیں گے؟

(a) فنٌ (b) الفن (c) فنٍ (d) فنا

۲۷- اسم کی کتنی قسمیں ہیں؟

(a) دو (b) تین (c) چار (d) پانچ

۲۸- ضمیر کیا ہے؟

(a) فعل (b) حرف (c) اسم (d) اس میں سے کوئی نہیں

۲۹- معرفہ کس اسم کو کہتے ہیں؟

(a) جو کسی خاص چیز کو بتائے (b) جو کسی عام چیز کو بتائے

(c) جو کسی چیز کو بھی نہ بتائے (d) جو ہر چیز کو بتائے

۳۰- حروف ناصبہ کتنے ہیں؟

(a) دو (b) چار (c) چھ (d) آٹھ

۳۱- حروف جازم کتنے ہیں؟

(a) پانچ (b) دس (c) پندرہ (d) بیس

۳۲- حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا نکاح کس عمر میں ہوا؟

(a) بیس (b) پچیس (c) تیس (d) پینتیس

۳۳- اللہ آسمانوں اور زمین کا کیا ہے؟

(a) روشنی (b) چراغ (c) نور (d) تاریکی

۳۴- مصباح کا معنی کیا ہے؟

(a) قندیل (b) طاق (c) روشنی (d) چراغ

۳۵- سال میں کتنے موسم ہوتے ہیں؟

(a) تین (b) چار (c) پانچ (d) چھ

۳۶- آم کے درخت کی عمر کتنی ہوتی ہے؟

(a) پچاس سال (b) سو سال (c) پچیس سال (d) چالیس سال

۳۷- حضرت خدیجہ بنت خویلد کیا تھیں؟

(a) ڈاکٹر (b) تاجر (c) نرس (d) اُستاد

۳۸- حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے غلام کا نام کیا تھا؟

(a) میسرہ (b) زید (c) بکر (d) طٰہٰ

۳۹- بادشاہ نے محبّ اللہ بہاری کو کس شہر کا قاضی مقرر کیا تھا؟

(a) حیدرآباد (b) پٹنہ (c) لکھنؤ (d) دہلی

۴۰- فخر کس چیز سے ہے؟

(a) علم سے (b) جاہ سے (c) مال سے (d) دولت سے

۴۱- رباعی مجرد کا وزن کتنا ہے؟

(a) ایک (b) دو (c) تین (d) چار

۴۲- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے خطبہ میں امت کو کس چیز کی وصیت فرمائی ؟

(a) انسانیت (b) تقویٰ (c) دولت (d) رحمت

۴۳- القاضی محب الله بھاری نامی مضمون کس کتاب سے لیا گیا ہے؟

(a) حجۃ اللہ (b) نزہۃ الخواطر (c) سبحۃ المرجان (d) وفیات الاعیان

۴۴- محبّ اللہ بہاری کس بادشاہ کے ساتھ کابل گئے تھے؟

(a) اکبر (b) بابر (c) شاہ جہاں (d) شاہ عالم

۴۵- حمار و ثور نامی مضمون کس کتاب سے لیا گیا ہے؟

(a) الف لیلہ ولیلہ (b) القرأۃ الراشدہ

(c) الارکان الاربعہ (d) العلم والجاہ

۴۶- نجم کی جمع کیا ہے؟

(a) نجیم (b) نجوم (c) انجم (d) نجمات

۴۷- مسلم العلوم کس کی تصنیف ہے؟

(a) عبدالحئی دہلوی (b) عبدالحئی لکھنوی (c) محبّ اللہ بہاری (d) فضل حق خیرآبادی

۴۸- ماھی الدنیا کس کی نظم ہے؟

(a) حضرت علیؓ (b) حضرت عمرؓ (c) حضرت ابوبکرؓ (d) حضرت عثمانؓ

۴۹- حسان بن ثابتؓ کیا ہیں؟

(a) حکیم (b) طبیب (c) خطیب (d) شاعر

۵۰- حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نکاح کا خطبہ کس نے پڑھا؟

(a) حضرت حمزہؓ (b) حضرت عباسؓ (c) حضرت علیؓ (d) حضرت عبدالمطلب

## GROUP "B"

10

مندرجہ ذیل عنوان میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے:

۱- (i) حضرت خدیجۃ الکبریٰ ایک مثالی خاتون

(ii) روزانہ کے معمولات

(iii) قاضی محبّ اللہ بہاری - حیات وخدمات

(iv) عربی زبان کے فوائد

(v) مضمون نگاری کے بنیادی اصول

۲- عربی زبان میں ایک خط تحریر کیجیے جس میں والد صاحب کو اپنے اسکول کے حالات بتایئے۔ 5

یا

والد صاحب سے ماہانہ فیس جمع کرنے کے لیے پیسوں کا مطالبہ کیجیے۔

۳- مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور بتایئے کہ ہندستان کی سرکاری زبان کونسی بتائی گئی ہے؟ 7

**"یتحدث ابناء الھند بلغات مختلفة واللغة الھندیة ھی اللغة الرسمیة للبلاد. ولکن الانجلیزیة مفھومة و یتحدث بھا الناس کذلک علی نطاق واسع".**

۴- حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو تجارت کے لے بلایا تھا یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم خود سے خدیجہ رضی اللہ عنہا کے پاس گئے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم مال تجارت لے کر کہاں اور کس کے ساتھ گئے تھے؟ تحریر کیجیے۔ 6

یا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے **من یمنعک منی** کس موقع پر کس سے کہا تھا؟ تحریر کیجیے۔

۵- (i) مندرجہ ذیل عبارت کا اردو میں ترجمہ کیجیے: 4

**و فی السماء نجوم ابعد من الشمس واکبر منھا ولکنا نراھا کالمصابیح الصغیرة لشدة بعدھا منا**

(ii) مندرجہ ذیل عبارت کا عربی میں ترجمہ کیجیے: 4

میں سڑک پر صبح کے وقت تیزی سے دوڑ رہا تھا، اسی وقت میں نے دیکھا کہ ایک گھوڑا کنارے بیٹھا ہوا تھا۔ شاید وہ بیمار تھا۔

۶- مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی سات کا جواب مختصراً تحریر کیجیے۔ 14

(i) معرفہ اور نکرہ میں کیا فرق ہے؟ مختصراً جواب دیجیے۔

(ii) حروف ناصبہ کتنے ہیں اور کس پر داخل ہوتے ہیں؟ مثال کے ساتھ لکھیے۔

(iii) "اَن مقدرہ" کتنے مقام پر آتا ہے اور وہ کون کون سے مقام ہیں؟

(iv) رباعی مزید فیہ کے چند اوزان تحریر کیجئے۔

(v) مضمون نگاری کے اصول وضوابط کیا ہیں؟ اپنی زبان میں تحریر کیجئے۔

(vi) خطوط نگاری کے عناصر کیا کیا ہیں؟ تحریر کیجئے۔

(vii) خطبة النبی ﷺ نامی سبق میں کونسی بنیادی باتیں بیان کی گئی ہیں؟ مختصراً بیان کیجئے۔

(viii) الکلب الحنون نامی سبق میں کس آدمی کے پاس کتا تھا اور وہ روٹی کہاں سے لاتا تھا؟ تحریر کیجئے۔

(ix) آم کی کاشت کا کیا طریقہ کتاب میں بیان کیا گیا ہے؟ مختصراً لکھئے۔

(x) ہندستان کا نظام حکومت کیا ہے اور یہ ملک کتنے صوبوں میں بٹا ہوا ہے؟ تحریر کیجئے۔

(xi) العلم والجاہ نامی نظم میں کیا باتیں بیان کی گئی ہیں؟ تحریر کیجئے۔

☆☆☆

# ANSWER SHEET (SET-1)

## GROUP-A

۱- (a) ماضی
۲- (a) فاعل
۳- (b) واحد مذکر غائب
۴- (b) رحیم
۵- (c) خیر
۶- (a) اخبار
۷- (a) اسم
۸- (b) عامل
۹- (c) مجہول
۱۰- (b) یضرب
۱۱- (a) واحد مذکر غائب
۱۲- (a) معرفہ
۱۳- (b) معرفہ
۱۴- (b) مبنی
۱۵- (b) خبر
۱۶- (c) مفعول
۱۷- (d) نو
۱۸- (a) ہ
۱۹- (c) فعل امر
۲۰- (c) تحت
۲۱- (a) احجار
۲۲- (c) چھ
۲۳- (b) الفن
۲۴- (d) چھ
۲۵- (c) چار
۲۶- (b) عباد
۲۷- (a) دو
۲۸- (c) اسم
۲۹- (a) جو کسی خاص چیز کو بتائے
۳۰- (b) چار
۳۱- (a) پانچ
۳۲- (b) پچیس
۳۳- (c) نور
۳۴- (d) چراغ
۳۵- (b) چار
۳۶- (b) سو سال
۳۷- (b) تاجر
۳۸- (a) میسرہ
۳۹- (c) لکھنؤ
۴۰- (a) علم
۴۱- (a) ایک
۴۲- (b) تقویٰ
۴۳- (b) نزہۃ الخواطر
۴۴- (d) شاہ عالم
۴۵- (a) الف لیلہ ولیلہ
۴۶- (b) نجوم
۴۷- (c) محب اللہ بہاری
۴۸- (a) حضرت علیؓ
۴۹- (d) شاعر
۵۰- (a) حضرت حمزہؓ

**GROUP-B**

**یہ جواب کا ماڈل ہے۔امیدوار کا جواب اس سے مختلف انداز میں ہوسکتا ہے۔**

۱- (iii) علامہ محبّ اللہ بہاری صوبہ بہار کے کڑا گاؤں میں پیدا ہوئے۔ حنفی مسلک پر پرورش پائی۔ ان کا خاندان ملک برادری سے جانا جاتا تھا۔ ان کے اساتذہ میں شیخ قطب الدین سہالوی اور شیخ شمس الدین شمس آبادی کا نام سرفہرست ہے۔ تعلیم سے فراغت کے بعد اورنگ زیب عالمگیر کی فوج میں دکن چلے گئے۔ لیکن کچھ ہی دنوں بعد ان کو شہر لکھنؤ میں قضاء کے منصب پر فائز کر دیا گیا۔ بعد میں شہزادہ شاہ عالم کے اتالیق بنا دیئے گئے۔ یہاں تک کہ کابل میں اس کی ولایت میں بھی قاضی صاحب شاہ عالم کے ساتھ ہی رہے اور جب ملک کی باگ ڈور سنبھالی تو عالمگیرؒ کے بعد تو ان کو صدارت عظمیٰ پر فائز کر دیا اور فاضل خان کے لقب سے ملقب کیا گیا۔

منطق، اصول فقہ اور فلسفہ میں اپنے وقت کے امام تھے۔ ان کی کتاب ''مسلم الثبوت''، ''مسلم العلوم'' اور ''الجواہر الفرد'' کو غیر معمولی شہرت حاصل ہوئی۔ ۱۱۱۹ھ میں وفات پائی۔

۲- تاریخ................

والدی الجلیل السلام علیکم و رحمة الله و بركاته

انا بخير و اتمنى لكم الخير والعافية

اننى اذا فارقتكم و جئت الى المدرسة اوّل مرة فوحشت شديداً. لكن انا اخبركم بكل فرح و سرورٍ انى وجدت الى المدرسة و بيئتها احسن مما كنت اتصورها فى مخيلتى اما الاساتذه فكلهم مخلصون. هم يتحدثون الى كما يتحدث الاباء الى ابنائهم و قد رحب التلاميذ ترحيب الأخ بالأخ.

ولكن ما ذالك كله انا فى قلق لا يهناء لى الطعام ولا انام مل الجفون فدعوا لى بصميم قلبكم من الله عز و جل ان يربط قلبى و يرزقنى علماً نافعاً.

و اخيراً ادعوا الله ان يطيل بقاء ک فينا و يمد حياتک لنا و اقرأ على اُمى ازكى السلام منى.

والسلام

ولدک البأر

۳- مندرجہ ذیل عبارت میں ہندستان کی سرکاری زبان ہندی بتائی گئی ہے اور یہی ملک کی سرکاری زبان ہے۔

۴- حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ کی امانتداری اور صداقت کا شہرہ سن کر تجارت کے لیے بلایا تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم مال تجارت لے کر ملک شام حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے غلام میسرہ کے ساتھ گئے تھے۔

۵- (i) ستارے آسمان میں سورج سے بہت اور بہت بڑے ہیں لیکن ہم لوگ اپنے سے بہت دور ہونے کی وجہ سے اس کو چھوٹے چھوٹے چراغ کی طرح دیکھتے ہیں۔

(ii) كنت اسرع على الشارع فى الصباح سريعا، و فى ذلك الوقت نظرت فرسا الذى كان يجلس على طرف الشارع، لعل انه كان مريضا.

۶- (i) معرفہ اور نکرہ میں فرق یہ ہے کہ معرفہ سے کوئی خاص چیز ہی سمجھی جاتی ہے جب کہ نکرہ عام ہوتا ہے۔ اس سے غیر معین چیز مراد لی جاتی ہے۔

(ii) حروف ناصبہ چار ہیں اور فعل مضارع پر داخل ہوتے ہیں۔ جیسے: اَنْ یَضْرِبُ، لَنْ اَفْعَلَ، کَیْ اَدْخُلَ، اِذَنْ تَدْخُلَ الْجَنَّةَ

۷- خطبة النبی ﷺ میں اللہ سے ڈرنے کی وصیت کی گئی ہے اور اس کی اطاعت وفرمانبرداری ...... گیا ہے۔ لوگوں کی جان و مال کی حرمت بیان کی گئی ہے اور یہ کہ سارے مومن آپس میں بھائی بھائی ہیں، اور اہل ایمان کو قرآن سے وابستہ رہنا چاہیے۔ ایسی حالت میں وہ کبھی ......نہیں ہوں گے۔

(iv) خطوط نگاری کے عناصر چار ہیں: (۱) ابتدائیہ (۲) سلام ودعا (۳) غرض (۴) اختتام

۹- آم کی کاشت کا طریقہ یہ بتایا گیا ہے کہ اس کی گٹھلی کو قابل کاشت زمین یا گملے میں گاڑ دیا جائے جس کو برابر پانی سے سیراب کرتے رہنا چاہیے۔ یہاں تک کہ جب پودا اُگ جائے تو ایک سال تک اپنی جگہ پر چھوڑ دیا جائے۔ پھر اس کے قلم کو کاٹ کر اس جگہ پر جہاں مستقل طور پر لگانا ہے گاڑ دیا جائے اور اس کے اِرد گرد گڈھا کھود کر کھاد ڈالا جائے۔ دو درختوں کے درمیان سات آٹھ میٹر کا فاصلہ ہونا چاہیے۔ پانی اور کھاد کے ساتھ گھاس پھوس سے اس کو صاف رکھنا چاہیے۔

۱۰- ہندستان کا نظام حکومت جمہوری ہے اور اس میں کتاب کے بیان کے مطابق ستائیس صوبے ہیں جو پارلیمانی نظام کے تحت چلتا ہے۔

۱۱- اس نظم میں یہ بتایا گیا ہے کہ انسان کے لیے قابل فخر چیز علم ہے نہ کہ مال و دولت اور حسب ونسب، مال ومنصب تو صرف غرور وتکبر کا ذریعہ ہوتا ہے۔ حالانکہ یہ بادل کی مانند ہے جن کو ہوا کا ایک جھونکا یہاں سے وہاں منتقل کر دیتا ہے۔ اس طرح مال و دولت بھی کسی کے پاس رُکتی نہیں ہے۔ اس کے برخلاف علم وہ دولت ہے جو نہ تو کبھی مٹتی ہے اور نہ ہی گھٹتی ہے۔

☆☆☆

Habib